**Islamiat class 6**

# سینٹ میریز کانونٹ گرلز ہائی سکول

**نوٹ:اللہ پر ایمان،توحید،اذان،نماز،نمازِ جنازہ (درج ذیل نوٹس ہیں)**

## نماز اہمیت وفضیلت اور فرائض

**سوال نمبرا: نماز سے کیا مراد ہے؟اس کی اہمیت اور فضیلت بیان کریں؟**

جواب:نماز عربی زبان کے لفظ 'صلوۃ' کا ترجمہ ہے۔صلوۃ کے معنی 'دعا' کے بھی ہیں۔نماز سے مراد وہ عبادت ہے جس کا دن رات میں پانچ مرتبہ ادا کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

**نماز کی اہمیت اور فضیلت**

اسلام کے پانچ ارکان میں سے نماز دوسرا رکن ہے۔نماز اللہ کے حضور پانچ وقت حاضری کا سنہری موقع فراہم کرتی ہے اور اللہ تعالی سے مخاطب ہونے،دعا مانگنے اور اس کا قرب حاصل کرنے کا بے مثال ذریعہ بھی ہے۔

حضورﷺ نے ارشاد فرمایا:

ترجمہ:''نماز دین کا ستون ہے۔جس نے اسے قائم کیا۔اس نے گویا پورے دین کو قائم کردیا اور جس نے اسے گرادیا اس نے گویا پورے دین کو گرادیا''۔

نماز پڑھنے والا مسلمان ہوتا ہے اور نہ پڑھنے والا کفر کے قریب ہوتا ہے۔

حضورﷺ نے ارشاد فرمایا:

''بے شک مسلمان اور کافر کے درمیان فرق کرنے والی چیز نماز ہے''۔

قرآن مجید میں اللہ تعالی نے بار بار نماز قائم کرنے کا حکم دیا ہے اور اسے مومن کی خاص صفت قرار دیا ہے۔

''اور نماز پڑھتے رہو اور مشرکوں میں سے نہ ہونا۔''

نبی کریمﷺ نے نماز کے بارے میں ارشاد فرمایا۔'میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے''۔

ایک اور جگہ ارشاد فرمایا:''نماز مومن کی معراج ہے''۔

**سوال نمبر۲۔فرائض نماز کون کون سے ہیں وضاحت کریں۔**

جواب:فرائضِ نماز درج ذیل ہیں۔

**ا۔تکبیرِ تحریمہ:** وضو اور نماز کی نیت کے بعد دونوں ہاتھ اٹھا کر 'اللہ اکبر'' کہنا تکبیر تحریمہ کہلاتا ہے۔

**۲۔قیام و قراءت:** قیام کا مطلب ہے سیدھا کھڑا ہونا۔نماز میں قیام سے مراد اتنی دیر سیدھا کھڑا ہونا ہے کہ جس میں قرآن کی اتنی قراءت ہو سکے جو فرض ہے۔

**۳۔ رکوع:** رکوع کے معنی ہیں ''جھکنا'' قراءت ختم کرکے ''اللہ اکبر'' کہہ کر گھٹنوں پر دونوں ہاتھ رکھ کر جھکنا رکوع کہلاتا ہے۔

**۴۔ سجدہ:** سجدے کی حالت میں نمازی اپنی پیشانی، ناک، دونوں ہاتھ، گھٹنے اور دونوں پاؤں زمین پر رکھ کر اپنے رب کے حضور سر بسجود ہو جاتا ہے۔ سجدہ نماز کا اہم ترین رکن ہے۔

**قعدہ و تشہد:** دوسری اور آخری رکعت میں سجدے کے بعد بیٹھنے 'قعدہ' کہتے ہیں۔ قعدہ میں بیٹھ کر تشہد پڑھی جاتی ہے۔ تشہد کا مطلب ہے 'گواہی دینا'۔

**سوال نمبر ۳۔ نماز بے حیائی اور برے کاموں سے کیسے روکتی ہے؟ وضاحت کریں؟**

جواب: نماز پڑھنے سے انسان روحانی اور جسمانی گندگی اور غلاظتوں سے محفوظ رہتا ہے۔ نماز مسلمانوں میں نظم و ضبط پیدا کرتی ہے۔ نماز ایک امام کے پیچھے باجماعت رہنے کا درس دیتی ہے۔ نماز باہمی ہمدردی' مساوات' اخوت اور بھائی چارے کا سبق سکھاتی ہے۔ نماز انسان کو بدکاری اور گناہوں سے روکتی ہے۔ نماز اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور گناہوں سے نجات کا سبب ہے۔ نماز جنت میں داخلے کا ذریعہ اور مومن کی پہچان ہے۔

## نمازِ جنازہ اور اس کی اہمیت

**سوال نمبر ۱۔ نمازِ جنازہ سے کیا مراد ہے؟**

جواب: جب کسی مسلمان کا انتقال ہوتا ہے تو دوسرے مسلمان اس کی نمازِ جنازہ ادا کرتے ہیں۔ نمازِ جنازہ میت کے لیے مغفرت کی اجتماعی دعا ہے۔ دینِ اسلام میں حکم ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ نمازِ جنازہ میں شرکت کریں۔

**سوال نمبر ۲۔ نمازِ جنازہ کی ادائیگی کا طریقہ کیا ہے؟**

جواب: نمازِ جنازہ جماعت کی صورت میں ادا کی جاتی ہے۔ سب لوگ امام کے پیچھے کعبہ رخ کھڑے ہو جاتے ہیں۔ پھر نمازِ جنازہ کی تکبیریں کہی جاتی ہیں۔ جن میں ثنا، درودِ پاک اور میت کی مغفرت کے لیے دعا کر کے سلام پھیرا جاتا ہے۔

**سوال نمبر ۳۔ نمازِ جنازہ کی دینی و معاشرتی اہمیت کیا ہے؟**

جواب: نمازِ جنازہ ایک اہم عبادت ہے۔ اس کا اجر و ثواب بہت زیادہ ہے۔

**نمازِ جنازہ کی دینی اہمیت:**

نمازِ جنازہ یہ ظاہر کرتی ہے کہ مسلمان نہ صرف انتقال کرنے والوں کی دعائے مغفرت میں بلکہ غم زدہ ساتھیوں کے دکھ سکھ میں بھی برابر کے شریک ہیں۔ نمازِ جنازہ ادا کرنے سے آخرت پر ایمان پختہ ہوتا ہے اور اعمال کی جواب دہی کا احساس زندہ ہوتا ہے۔

**نمازِ جنازہ کی معاشرتی اہمیت:**

نمازِ جنازہ ادا کرنے سے مسلمانوں میں میت کے وارثوں سے ہمدردی کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ باہمی غم گساری سے دوسروں کے دکھ میں شرکت اور ان کی دل جوئی سے دل کو سکون ملتا ہے۔ نمازِ جنازہ مسلمانوں کے باہمی اتحاد کی علامت ہے۔